Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

مجلس بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

جلد ۳۷	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۲ ربیع الاول سنہ ۱۳۴۶ھ مطابق ۱۹ ستمبر سنہ ۱۹۲۷ء	نمبر ۳۹

نمبر شمار	فہرست مضامین	نمبر صفحہ
۱	[illegible]	۲۶۱
۲	[illegible]	۱
۳	[illegible]	۳۲۲
۴	[illegible]	۳
۵	[illegible]	۳۲۳
۶	[illegible]	۴
۷	[illegible]	۴
۸	[illegible]	،
۹	[illegible]	۵۲۳
۱۰	[illegible]	۵
۱۱	[illegible]	،
۱۲	نائب [illegible]	،
۱۳	[illegible]	،
۱۴	[illegible]	۲۲۵
۱۵	[illegible]	۴
۱۶	[illegible]	،
۱۷	[illegible]	،
۱۸	[illegible]	،
۱۹	[illegible]	
۲۰	[illegible]	
۲۱	[illegible]	

روبکار محکمہ عالیہ دار الانشاء اجلاس بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

ورقم ۲۳ ستمبر سنہ ۱۹۲۷ء

حافظ حمید الرحمن عرف حافظ فوت ٹھیکہ دار فروخت سامان عرب کے کام سے نہیں چلتا بند اسکا ٹھیکہ ختم کیا جاتا ہے۔ اور حافظ حضرت نور سوداگر کو شہر [illegible] حسب استدعا حافظ حضرت نور اس ٹھیکہ پر پوش اس اور گند [illegible] شامل کیا جاتی [illegible] حضرت نور کی یہ درخواست ہے کہ اگر کوئی خریدار [illegible] ماہ [illegible] سامان [illegible] کرے تو ملازم سرکار ہونے کی صورت میں منجانب محکمہ متعلق بروقت تقسیم تنخواہ وصول کر لیا کرے۔ اور عام باشندہ ریاست سے معرفت پولیس

حسب رائے نواب [illegible] بہادر درخواست اس شرط سے منظور کی جاتی ہے کہ جو قیمت

ملازمان سرکار کے ذریعہ سے وصول کرائے جائینگے۔ سپر کمیشن بحساب پانچ فیصدی بحق ریاست لیا جائیگا ٹھیکہ دار اپنا بل خریداری سامان کی رسید کے ساتھ معہ متعلقہ حاکم اعلےٰ کے اجلاس مین پیش کیا کریگا۔ نرخ چونکہ حضرت نور کے نئے یہ کام نیا ہے۔ لہذا اسکی یہ درخواست بھی منظور کیجاتی ہے کہ سامان آنے سے چھ ماہ بعد سے کمیشن مذکورہ لیا جائے۔

حکم ہوا کہ

ایک نقل مع شرائط باجلاس نواب ولیعہد بہادر مرسل ہو۔ کہ صیغہ جات متعلقہ مین اطلاع دیجائے۔ اور ایک ایک نقل صاحب ریونیو سکریٹری بہادر صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر۔ صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر۔ صاحب بریگیڈ کمانڈر بہادر۔ صاحب فائننشل سکریٹری بہادر۔ اور سپرنٹنڈنٹ صاحب پولیس ریاست کے پاس مرسل ہو۔ ایک نقل بغرض اطلاع عام درج گزٹ ہو۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

شرائط

ٹھیکہ فروخت سامان حرب اُس مدت کے لئے دیا جاتا ہے جبتک لائسنسدار کی جانب سے کوئی بے عنوانی سرزد نہو اگر سال کے دوران مین بے عنوانی لائسنسدار کی جانب سے سرزد ہوگی تو ریاست کو اختیار ہوگا کہ لائسنس ضبط کرکے دوسرا لائسنسدار مقرر کرلے اس صورت مین جو سامان لائسنسدار کے پاس ہوگا وہ جدید لائسنسدار کو بقیمت دلوا دیا جائیگا۔

۱۔ لائسنس کی میعاد ۳۰ر ستمبر کو ختم ہوگی۔ اور اس تاریخ سے آیندہ سال کے لئے دوسرا لائسنس حاصل کرلینا چاہئے تا وقتیکہ لائسنس حاصل نہ کرلیا گیا ہو لائسنسدار اس سال مین فروخت کرنیکا مجاز نہ ہوگا۔

۲۔ لائسنس کی فیس سالانہ دس روپیہ ہے جو بذریعہ اسٹامپ ریاست درخواست تجدید لائسنس کی سالانہ داخل کرنا ہوگی۔ تجدید کی درخواست کے ساتھ ریاست کا اسٹامپ تعدادی ۲ر بھی شامل کرنا ہوگا۔

۴۔ لائسنسدار سامان حرب صرف ایسے اشخاص کے ہاتھ سامان فروخت کرسکیگا جو ریاست کے لائسنسدار ہوں۔ یا لائسنس سے مستثنےٰ ہوں۔ اور جنکی فہرست اسکو سررشتہ پولیس سے ملیگی۔

۵۔ لائسنسدار کو سامان حرب کا مکمل رجسٹر رکھنا ہوگا۔ اور ہر ماہ کے پہلے ہفتہ مین کوتوال صاحب شہر کو معائنہ کرانا ہوگا۔ کوتوال صاحب معائنہ کی ایک نقل دار الانشاء مین بھیجینگے۔

۶۔ اگر لائسنسدار کسی ایسے شخص کے ہاتھ سامان فروخت کریگا جو نہ لائسنسدار ہو نہ مستثنےٰ ہو تو مستوجب جرمانہ ہوگا جسکی تعداد پچاس روپیہ تک ہوسکتی ہے۔

۷۔ ایک لائسنسدار یا مستثنےٰ صاحب ایک سال مین چارسو کارتوس بھرے ہوئے جسمین پچیس کارتوس ریوالور کے شامل ہین۔ دو سو کارتوس خالی۔ ایک ڈبہ ٹوپیان دس سیر بارود تک خرید سکتے ہین۔

لائسنسداران سامان حرب کو یہ بات مدنظر رکھنا چاہئے کہ کسی لائسنسدار یا مستثنےٰ صاحب کے ہاتھ ایک سال کے اندر اس مقدار سے زیادہ سامان بلا اجازت خاص نہ فروخت کرے۔ اور لائسنس کی پشت پر جسقدر سامان کوئی لائسنسدار خرید کرے درج ہونا چاہئے۔ اور مستثنےٰ صاحب جسقدر سامان خریدین اسکی اطلاعی رپورٹ براہ راست دار الانشاء مین بھیجے۔ فقط

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم وملکہم

رخصت

۴ر ستمبر ۱۹۲۶ء

حسبۂ رپورٹ صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر دربارہ منظوری رخصت سہ ماہہ ڈاکٹر محمد دائم اسپیشل اسسٹنٹ - ۱۲ یوم رعایتی و باقی بلا تنخواہ

حکم

یکم اگست سے تین ماہ کی رخصت مندرجہ رپورٹ منظور ہے۔ ۱۲ یوم رعایتی۔ بقیہ بوضع تنخواہ شمار ہوگی۔ کاغذات برائے ادراج احکام واپس ہون۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

واقع ۵ر ستمبر ۱۹۲۶ء

شہر مین اب موٹر سائیکلون کی تعداد زیادہ ہوگئی ہے۔ چونکہ سواری تیز اور بحفاظت شہر کے اسلئے بنظر تحفظ جان و مال عامہ خلائق ضرورت ہے کہ مثل سائیکلون کے موٹر سائیکلون کے واسطے بھی قواعد منضبط کردے جائین۔ لہذا حسب صراحت ذیل احکام صادر کئے جاتے ہین جنکی پابندی آیندہ سے لازمی ہوگی۔ صیغہ پولیس و میونسپلٹی پابندی قواعد کے نگران رہین گے۔

۱۔ میونسپلٹی مین جدید رجسٹر کھولا جائے جسمین شہر کی کل موٹر سائیکلین جو پرائیوٹ ہون یا سرکاری درج کیجائین۔

۲- سرکاری موٹر سائیکلوں پر شمل سرکاری موٹروں کے موٹر خانہ سے نمبر دیے جائینگے اور پرائیوٹ موٹر سائیکلوں پر میونسپلٹی سے نمبر ڈالے جائینگے۔ سفید نمبر ہونگے اور نمبر کے اوپر لفظ R.B. ہوگا۔

۳- پانچ روپیہ سالانہ پرائیوٹ موٹر سائیکل پر فیس رجسٹریشن اور قیمت نمبر اندازی علاوہ فیس لائیسنس کے میونسپلٹی میں وصول ہوا کریگی۔ سرکاری موٹر سائیکل پر فیس رجسٹریشن وغیرہ وصول نہ ہوگی۔

۴- سنگل موٹر سائیکل پر ایک سواری اور سائیڈ کار اگر ہمراہ ہو تو دو سواریاں یعنی ایک سواری موٹر سائیکل پر اور ایک سواری سائیڈ کار پر بیٹھ سکتی ہیں اس سے زیادہ نہ بیٹھیں۔

۵- تعین رفتار اور روشنی کی پابندی تحت احکام موٹر ہوگی۔

۶- بلا حصول لائیسنس باقاعدہ کوئی شخص موٹر سائیکل چلانے کا مجاز نہ ہوگا دارالانشاء سے لائیسنس حاصل ہوگا۔ اور سالانہ تبدیل ہوتا رہیگا وقتاً فوقتاً میونسپلٹی سے موٹر سائیکلوں کا انسپکشن ہوا کریگا۔ سالانہ رجسٹر بنایا جائیگا اور نمبروں کی تجدید ہوگی۔

بصورت عدم پابندی قواعد مندرجہ بالا وہی کارروائی عمل میں لائی جائیگی جو یکہ تانگہ سائیکل وغیرہ کے قواعد میں درج ہے۔ نمبروں کا جو نمونہ میونسپلٹی سے ملاحظہ میں پیش ہوا ہے وہ مناسب ہے روشنی کے موافق موٹر سائیکلوں اور سائیکلوں پر نمبر ڈالے جائیں۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک ایک نقل اس روبکار کی جلہ سکریٹری صاحبان بہادر و صاحب بریگیڈ کمانڈر بہادر و سردار صاحب ڈیوڑھی و صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس و سپرنٹنڈنٹ آفس ہٰذا و سپرنٹنڈنٹ پرنسز ہاؤس ہولڈ کے پاس مرسل ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو میونسپلٹی سے بذریعہ آواز دہل منادی کرادی جائے۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم واقع ۸ ستمبر ۱۹۲۶ء

مسلسلہ روبکار ۶ اگست ۱۹۲۶ء متعلق انتظام فیس رجسٹریشن بائیسکل بطور تتمہ روبکار مذکور حسب صراحت ذیل وضاحت کیجاتی ہے۔

۱- بجائے کھلے مڈگارڈ پر نمبر ڈالنے کے علیحدہ ٹکڑا چادر جست پر نمبر ڈالا جاوے اور وہ ٹکڑا پچھلے مڈگارڈ پر پیچوں سے نصب کیا جائے۔ اور قیمت اسکی مالک بائیسکل سے وصول کیجائے۔

۲- فیس رجسٹریشن سرکاری بائیسکلوں پر خواہ فوجی ہوں یا ڈپارٹمنٹل نہ لیجائیگی قیمت نمبر اندازی صیغہ جات متعلقہ سے وصول کیجائیگی۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک ایک نقل اس روبکار کی جلہ سکریٹری صاحبان بہادر کے پاس و صاحب بریگیڈ کمانڈر و سردار صاحب ڈیوڑھی و صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس و سپرنٹنڈنٹ آفس ہٰذا و صاحب سپرنٹنڈنٹ پرنسز ہاؤس ہولڈ کے پاس مرسل ہو۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔ میونسپلٹی سے بآواز دہل منادی کرادیجائے۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم واقع ۱۰ ستمبر ۱۹۲۶ء

۲۰ جولائی ۱۹۲۶ء کو اجلاس ہٰذا سے احکام جاری ہوئے تھے کہ ہر ماہ کے اول و سوم جمعہ کو میونسپل بورڈ کے آفس میں میٹنگ ہوا کرے اور جملہ ممبر صاحبان شرکت کیا کریں اور اپنے حلقہ جات کی اصلاح کے لئے تجاویز پیش کیا کریں۔ معلوم ہوا کہ اسکے بعد سوائے ایک جمعہ کے کوئی میٹنگ منعقد نہ ہوئی۔ صاحب ہوم سکریٹری بہادر اسکا جواب دیں کہ احکام کی پابندی کیوں نہیں کی گئی۔ چند امور میونسپل بورڈ کے متعلق وضاحت طلب ہیں جو بصراحت درج ذیل کئے جاتے ہیں۔

۱- جس وقت چیرمین موجود نہ ہوں۔ وائس چیرمین صدارت میونسپل بورڈ کے جلہ فرائض انجام دینگے۔

۲- ممبران بورڈ اپنے حلقہ میں جو امور قابل درستی دیکھیں انہیں کمیٹی میں پیش کرینگے۔ بحالت منظوری ان تجاویز پر بذریعہ میونسپلٹی عملدرآمد ہوگا۔ سپرنٹنڈنٹ جمعدار سپاہی وغیرہ محکمہ صفائی ممبران بورڈ کے ماتحت نہ ہونگے۔

۳- اگر میونسپل بورڈ اشیاء پر کوئی نیا ٹیکس جاری کرنا چاہے تو اجلاس سے منظوری لینا لازم ہوگا۔

۴- اگر بورڈ کسی ملازم میونسپلٹی کو سزا یا جزا دینا چاہے تو بجز اجلاس

بغرض منظوری بھیجی جائیگی۔

۵- بورڈ کے ہر فیصلہ سے ناراضامندی کا اجلاس اعلےٰ میں اپیل ہوسکیگا۔

۶- ہر میٹنگ کی انعقاد کی اطلاع اور جو تجاویز اُسمین پیش ہون مع رپورٹ کے اگر یہ تجاویز کسی نئے اسکیم کے متعلق ہون۔ تو اجلاس ہذا مین آیا کرینگی۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے ایک نقل صاحب ممبری سکریٹری بہادر کے پاس مرسل ہو کر لکہا جائے کہ اس روبکار کی نقلین تمام ممبران میونسپلٹی کے پاس بہیجدین اور اطلاعی رپورٹ اجلاس ہذا مین بہیجین۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

واقع ۱۱ ستمبر ۱۹۲۰ء

حسب دستدعائے صاحب ریونیو سکریٹری بہادر باتفاق رائے صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت ٹہیکہ نخاسہ شہر خاص جو اسوقت متعلق حضور تحصیل کے صیغہ نزول مین۔ اور ٹہیکہ کلہ دواغی حضور تحصیل و ٹہیکہ آڑہت ذبیحہ دیہات تحصیلات و ٹہیکہ لاکہ درختان علاقہ حضور تحصیل مع شہر باستثنائے کارخانجات جو اسوقت متعلق صیغہ نزول ہین صیغہ مال مین منتقل کیا جانا منظور ہے۔ ٹہیکہ کلہ دواغی شہر صیغہ مال یا نزول سے متعلق نہ ہوگا بلکہ وہ متعلق میونسپلٹی رہیگا۔ اور صاحب ممبری سکریٹری بہادر اُسکا انتظام کرینگے۔ اور اُسکی آمدنی میونسپلٹی مین داخل ہوگی۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہون۔ ٹہیکہ نخاسہ شہر کا اگر زمانہ قریب ہو تو صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت اُسکا انتظام کرین۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام

روبکار اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

واقع ۳۰ اگست ۱۹۲۰ء

سابق مین یہ حکم جاری کیا گیا تہا کہ افسران ماتحت کسی اہلکار ماتحت کی رخصت اپنے اختیار سے منظور کرین تو اُسکی اطلاع اجلاس ہذا مین بہی آنا چاہئے۔ عرصہ تک یہ عمل رہا لیکن اب وہ عمل مسدود ہوگیا چنانچہ احمد رضا خان محرر مرمت تحصیل بلاسپور کی جو رخصت ہائے تحصیل و اجلاس حاکم صاحب صدر سے منظور ہوئین اُنکی اطلاع اجلاس مین نہین آئی۔ حکم سابق تلاش سے دستیاب نہین ہوا لہذا اُس سلسلہ مین تجدیداً یہ حکم اب دیا جاتا ہے کہ آئندہ افسران ماتحت اہلکاران کی رخصت اپنے اختیار کے اندر منظور کرین تو اُنکی اطلاع اجلاس ہذا مین آنا چاہئے۔

حکم ہوا کہ

ایک ایک نقل روبکار ہذا حسب تحصیلداران کے پاس مرسل ہو۔ ایک ایک نقل بخدمت حاکم صاحب صدر و صاحب اسسٹنٹ و صاحب مہتمم بندوبست مرسل ہو۔ ایک نقل فائل بک اجلاس مین چسپان ہو۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

احکام اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۲۳ اگست ۱۹۲۰ء

منشۂ تحریر حاکم صاحب صدر دربارہ منظوری رخصت ۵ یوم مسمی ... اہلمد محافظ خانہ صدر مین ابتدا ۲۰ اگست سنہ حال جوض ... اُمیدوار بعوض پیروی مقدمہ تنخواہ کا تصفیہ باہم اہل دولو ... ہوگیا ہے

حکم

حسب رائے حاکم صاحب صدر ... کی رخصت ۱۵ یوم بعوض ... منظور ہو۔ برائے تعمیل کاغذات ہذا بخدمت حاکم صاحب صدر مرسل ہو۔

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

یکم ستمبر ۱۹۲۰ء

منشۂ نوٹ صاحب مہتمم بندوبست دربارہ منظوری رخصت مزید ... منشی ... اہلمد پٹواری قند یوجہ ... رخصت ... سابقہ ... ماتحت جو ۱۱ اپریل ۱۹۲۰ء سے شروع ہو کر ۱۱ اگست ۱۹۲۰ء کو ختم ہو چکی ہے

حکم

کاغذات ہذا موجودگی صاحب مہتمم بندوبست پیش ہوئے۔ بجائے ... اہلمد بندوبست کی تحریر صاحب مہتمم بندوبست نے کی ہے اور یہ لکہا ہے کہ ...

سپرد فشل کام بدوی وغیرہ کا ہے جو نیا آدمی نہیں چلا سکتا - ایسی صورت میں ظل الحسن کو بجائے غفور الحسن تبدیل کرنے سے اُسکے متعلقہ کام کے خراب ہونیکا اندیشہ ہے - لہذا حسب اتفاق صاحب منتظم بندوبست بتفصیل ذیل حکم دیا جاتا ہے کہ غفور الحسن اہلمد کی رخصت [illegible] حسب استدعا اُنکے بوضع تنخواہ منظور ہے - ایام رخصت میں شوکت اللہ خان نائب رجسٹرار [illegible] تحصیل شاہ آباد [illegible] ماہوار باضافہ تین روپیہ ماہوار بجائے غفور الحسن اہلمد [illegible] تبدیل کئے جائیں بجائے شوکت اللہ خان نائب رجسٹرار [illegible] حشمت علی خان [illegible] شاہرہ دار [illegible] باضافہ تین روپیہ ماہوار نائب رجسٹراری پر تبادل ہو اور بجائے حشمت علی خان [illegible] حسین احمد [illegible] غفور الحسن اہلمد کا تقرر [illegible] روپیہ ماہوار تا ختم رخصت غفور الحسن منظور ہو - احکام ضابطہ جاری ہوں - صاحب منتظم بندوبست نے چند ماہ کے انتظام کی بابت تحریر فرمایا اگر تین ماہ میں غفور الحسن اہلمد بحالی صحت پاکر کام پر حاضر ہو - تو اس انتظام کی توسیع کی بابت رپورٹ بھیج سکتے ہیں - نقل حکم بغرض [illegible] صاحب بندوبست ارسال ہو -

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۱۴ ستمبر ۱۹۲۶ء

مثل رپورٹ صدر قانونگوے دربارہ منظوری رخصت [illegible] مزید دس یوم بوجہ علالت - صدر صاحب منتظم بندوبست

حکم

رخصت مزید مطلوبہ صدر قانونگوے دس یوم حسب رپورٹ صاحب منتظم [illegible] منظور ہو - احکام ضابطہ جاری ہوں -

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۵ ستمبر ۱۹۲۶ء

مثل رپورٹ حاکم صاحب صدر بابت منظوری رخصت [illegible] ماہ صاحبزادہ سید [illegible] خان بہادر نائب محافظ دفتر کلیات بوجہ علالت [illegible] تنخواہ رخصتی کے اور پانچ روپیہ صاحبزادہ سید منظور حسین خان کے عارضی اضافہ کے نائب محافظ دفتر کا کام [illegible] اور سید منظور حسین [illegible] کی جگہ کے کام [illegible] محافظ دفتر صدر کریں گے - [illegible]

رخصتی کا اور پانچ روپیہ سید منظور حسین خان کو بقیہ تنخواہ [illegible] روپیہ ماہانہ سرکار کئے جائیں -

حکم

[illegible] حسب رائے حاکم صاحب صدر [illegible] صاحب رخصت دو ماہ نائب محافظ دفتر صدر منظور ہے - ایام رخصت میں صاحبزادہ سید منظور حسین خان شاہرہ دار [illegible] ماہوار باضافہ [illegible] ماہوار از تنخواہ نائب محافظ دفتر کام نائب محافظ دفتری انجام دیں - اور بجائے صاحبزادہ سید منظور حسین خان حسب رپورٹ محافظ دفتر صدر [illegible] نظیر حسین [illegible] شاہرہ دس روپیہ ماہوار دو ماہ کے لئے مقرر کیا جائے - بقیہ [illegible] ماہوار نائب محافظ دفتر رخصتی کو ملیں احکام جاری ہوں -

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

[illegible] ستمبر ۱۹۲۶ء

مثل عرضی [illegible] خان اہلمد [illegible] بدرخواست [illegible] یوم بوجہ [illegible] درخواست [illegible] از ۱۲ ستمبر ۱۹۲۶ء

حکم

چونکہ [illegible] حاصل ہیں ۳ یوم کی رخصت حاصل کی ہے - لہذا رخصت مطلوبہ ۱۲ یوم [illegible] منظور ہو - [illegible] کہا جائے کہ [illegible] [illegible] احکام ضابطہ جاری ہوں -

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

اضافہ

[illegible] اگست ۱۹۲۶ء

[illegible] روپیہ ماہوار تنخواہ [illegible] روپیہ ماہوار اضافہ کیا جاتا ہے -

[illegible]

احکام ضابطہ جاری ہوں -

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

الاونس

۳۰ اگست ۱۹۲۶ء

چونکہ مدرس ملک کا مکان سکونت منہدم ہو گیا ہے بحسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس محمد احمد خان مدرس اول مدرسہ ملک کا تین روپیہ ماہوار الاونس کرایہ مکان ۲۰ اگست ۱۹۲۶ء سے مقرر کیا گیا - لہذا حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو -

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

توسیع

یکم ستمبر ۱۹۲۶ء

حافظ احمد حسین مدرس قرآن شریف مدرسہ ملک کی مدت ملازمت غیر مستقل میں ۱ ستمبر ۱۹۲۶ء سے چھ ماہ کی توسیع کی گئی - لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو -

دستخط فاد صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

جرمانہ

۵ ستمبر ۱۹۲۶ء

انسپکٹر صاحب مدارس نے تسخیر احمد مدرس اول و قدرت اللہ خان مدرس دوم مدرسہ گنیر قلندر خان کی شکایت کی ہے کہ اب تک لڑکوں کے پاس کا پیاں تک نہیں ہیں - اور جو موجود ہیں ان پر دستخط نہیں ہیں جس سے معلوم ہوتا ہے کہ مدرسین کاپیاں دیکھتے ہی نہیں ہیں - لہذا ہر دو مدرسین مذکور پر چار چار آنہ جرمانہ کیا جاتا ہے -

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو -

دستخط فاد صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

توسیع

۶ ستمبر ۱۹۲۶ء

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس ولایت علیخان مدرس اول مدرسہ کیمری تحصیل بلاسپور کی ملازمت غیر مستقل میں ۱۰ ستمبر ۱۹۲۶ء سے آخر نومبر ۱۹۲۶ء تک توسیع کی گئی - لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو -

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

برخاستگی

۱ ستمبر ۱۹۲۶ء

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس مجتبیٰ علی مدرس کھودپورہ پرگنہ حضور تحصیل برخاست کیا گیا - اور بجائے ان کے مسمے الیاس خان مدرس مدرسہ ڈہیرہ تحصیل شاہ آباد مشاہرہ دار گیارہ روپیہ مدرسہ کھودپورہ پرگنہ حضور تحصیل میں تبدیل کیا گیا - لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو -

دستخط فاد صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۱ ستمبر ۱۹۲۶ء

حسب رپورٹ ہیڈ ماسٹر صاحب ہائی اسکول پنڈت رتن رام ملازم ہائی اسکول کی رخصت دو ماہ بعوض پنڈت بہاری لال منظور کی گئی - لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو -

دستخط فاد صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

رخصت

۴ ستمبر ۱۹۲۶ء

حسب مرضی نقشہ رخصت محمد اسمعیل خان مشرف بادرچی خانہ ہندوستانی متعلقہ کنٹرولر صاحب سرکار خانہ جات ذات خاص رخصت رعایتی پندرہ یوم بوجہ علالت اہلیہ ماہ یکم ستمبر ۱۹۲۶ء سے منظور کی گئی -

دستخط پرائیوٹ سکریٹری بہادر

نقشہ بارش ہفتہ وار لغایت ۱۳ ستمبر ۱۹۲۶ء ریاست رامپور

تاریخ و دن	صدر عالیہ		تحصیل بلاسپور		تحصیل سوار		تحصیل شاہ آباد		تحصیل ملک		تحصیل ٹانڈہ	
	بارش یومیہ	از ابتدا	بارش یومیہ	از ابتدا	بارش یومیہ	از ابتدا	بارش یومیہ	از ابتدا	بارش یومیہ	از ابتدا	بارش یومیہ	از ابتدا
۷ ستمبر ۱۹۲۶ء یوم چہارشنبہ	۰	۴۱۵	۰	۳۶۶	۰	۴۶۴½	۰	۴۴۰	۰	۴۳۸	۰	۳۸۵
۸ ستمبر ۱۹۲۶ء یوم پنجشنبہ	۰	۴۱۵	۰	۳۶۶	۰	۴۶۴½	۰	۴۴۱	۰	۴۳۸	۰	۳۸۵
۹ ستمبر ۱۹۲۶ء یوم جمعہ	۰	۴۱۵	۰	۳۶۶	۰	۴۶۴½	۰	۴۴۱	۰	۴۳۸	۰	۳۸۵
۱۰ ستمبر ۱۹۲۶ء یوم شنبہ	۰	۴۱۵	۰	۳۶۶	۰	۴۶۴½	۰	۴۴۱	۰	۴۳۸	۰	۳۸۵
۱۱ ستمبر ۱۹۲۶ء یوم یکشنبہ	۰	۴۱۵	۰	۳۶۶	۰	۴۶۴½	۰	۴۴۱	۰	۴۳۸	۰	۳۸۵
۱۲ ستمبر ۱۹۲۶ء یوم دوشنبہ	۰	۴۱۵	۰	۳۶۶	۰	۴۶۴½	۰	۴۴۱	۰	۴۳۸	۰	۳۸۵

نقشہ نرخ اجناس ریاست رامپور ہفتہ سوم ۱۲ لغایت ۱۸ ستمبر ۱۹۲۶ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	۰	[illegible]	تحصیل سوار سے نقشہ نہیں آیا
نخود خالص	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]		[illegible]	
نخود کسہ آمیز	[illegible]	۰	[illegible]	[illegible]		[illegible]	
کسہ	[illegible]	-	[illegible]	[illegible]		[illegible]	
ماش	[illegible]	[illegible]	۰	[illegible]		[illegible]	
مونگ	[illegible]	۰	۰	[illegible]		[illegible]	
مکا	[illegible]	۰	[illegible]	۰		[illegible]	
[illegible]	[illegible]	۰	[illegible]	[illegible]		[illegible]	
[illegible]	[illegible]	۰	[illegible]	[illegible]		[illegible]	
مسور	[illegible]	۰	[illegible]	[illegible]		[illegible]	
ارہر	[illegible]		[illegible]	[illegible]		[illegible]	
برنج	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]		[illegible]	
روغن زرد	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]		[illegible]	
روغن سیاہ	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]		[illegible]	
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]		[illegible]	
نمک سیاہ	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]		[illegible]	
نمک لاہوری	[illegible]	[illegible]	[illegible]	۰		[illegible]	
قند سیاہ	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]		[illegible]	
باجرہ	[illegible]	۰	۰	۰		[illegible]	